© rasailojaraid.com



**اسلام اور محمدؐ پر بہتانات** از پروفیسر ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ (پی - ایچ - ڈی) جامعہ اسلامی، مدینہ منورہ۔ ناشر: محمد زبید ملک ۲۰۸/اے، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور، پاکستان - ۹۶ صفحات، دبیز آرٹ پیپر کا ٹائیٹل - قیمت نامعلوم -

مستشرقین مسلمانوں کے خلاف حروبِ صلیبیہ کا ایک مستقل محاذ قائم کیے ہوئے ہیں۔ ان کی طرف سے اسلام اور پیغمبرِ اسلام پر حملہ اے بے محابا تو ہوتے ہی رہتے ہیں، لیکن ایک فن ان کا یہ ہے کہ مختلف تحریروں اور کتابوں میں وہ نگارشات کے پھول اور علمی حقائق کے جواہر بکھیر کر ان کی آڑ میں بارودی سرنگیں بچھا دیتے ہیں۔ ان سرنگوں کے پھٹنے پر بے شمار مسلمانوں کے ایمان اور ضمیر اور کردار مجروح ہو جاتے ہیں۔

ملک صاحب، مؤلفِ کتابِ ہذا نے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی ایک جلد میں سے ۴۲ ایسے مقامات نکالے ہیں، جہاں الزامات اور غلط بیانیوں سے کام لیا گیا ہے۔

کام کا یہ نیا راستہ ہے اور اس پر چل کر ملک صاحب نے جو حقائق اور حوالے جمع کیے ہیں، وہ بصیرت افروز اور اذیت ناک ہیں۔ خدا ان کو جزا دے۔ مستشرقین کے بارے میں تو کسی عظیم الشان ادارے کو کام سنبھالنا چاہیے۔

---

**اُردو ڈائجسٹ کا ضیاء الحق شہید نمبر** بہ ادارت جناب الطاف حسن قریشی - دفتر: اردو ڈائجسٹ - ۲۱، ایکریج اسکیم، سمن آباد، لاہور ۲۵ - صفحات ۲۵۰ سے زاید - قیمت فی شمارہ ۱۵/- روپے -

ہمارے محترم دوست الطاف حسن قریشی نے پچھلے بیس پچیس سالوں میں پاکستان کے ہر شعبۂ زندگی کی اہم شخصیتوں کے انٹرویو حاصل کر کے ان کے ذہنوں اور کرداروں کی تصویریں ہمارے سامنے رکھیں۔ صدر ضیاء الحق شہید کے ۱۱ سالہ دور میں وہ ان سے ہر اہم مرحلے پر ملے اور تمام خاص مواقع پر انٹرویو حاصل کیے اور ذاتی رابطہ اتنا گہرا رہا کہ آج وہ ضیاء الحق شہید کی شخصیت اور کردار کے متعلق ایک گواہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ الطاف صاحب صداقت شعار دوست ہیں۔ انہوں نے ایک گفتگو میں فرمایا کہ میں نے ان کو ہر قسم کے حالات میں دیکھا اور ہر موضوع پر باتیں کیں، اعتراضات کیے، وضاحتیں

© rasailojaraid.com